**CLASS : 10th (Secondary)** **Code No. 110**

**Series : Sec/Annual-2023**

*Roll No.* ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐ ***SET : A***

# اردو

# URDU

*(Academic/Open)*

(Only for Fresh/Re-appear/Improvement/Additional Candidates)

*Time allowed : **3** hours ]* *[ Maximum Marks : **80***

---

- *कृपया जाँच कर लें कि इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ **8** तथा प्रश्न **12** हैं।*
- *प्रश्न-पत्र में दाहिने हाथ की ओर दिये गये **कोड नम्बर** तथा **सेट** को छात्र उत्तर-पुस्तिका के मुख्य-पृष्ठ पर लिखें।*
- *कृपया प्रश्न का उत्तर लिखना शुरू करने से पहले, प्रश्न का क्रमांक अवश्य लिखें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के बीच में खाली पन्ना/पन्ने न छोड़ें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के अतिरिक्त कोई अन्य शीट नहीं मिलेगी। अतः आवश्यकतानुसार ही लिखें और लिखा उत्तर न काटें।*
- *परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें। रोल नं० के अतिरिक्त प्रश्न-पत्र पर अन्य कुछ भी न लिखें और वैकल्पिक प्रश्नों के उत्तरों पर किसी प्रकार का निशान न लगाएँ।*



Download from www.MsEducationTv.com

- *कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न-पत्र पूर्ण व सही है,* ***परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई भी दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।***

---

**نوٹ :** سبھی سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

**1.** مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے : 7

(i) مغل سلطنت کا سب سے مشہور بادشاہ کون تھا ؟

(ii) پانی حاصل کرنے کے قدرتی ذرائع کون کون سے ہیں ؟

(iii) اردو کہاں پیدا ہوئی اور کس زبان سے نکلی ہے ؟

(iv) بھیم راؤ امبیڈکر کا سب سے اہم کارنامہ کیا ہے ؟

(v) آنکھوں کی حفاظت کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے ؟

(vi) بریل ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا ؟

(vii) رضیہ سلطان نے کتنے برس حکومت کی ؟

**2.** مندرجہ ذیل عبارت (Unseen Passage) کو غور سے پڑھئے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے : 7

پریم چند کی پیدائش بنارس کے ایک گاؤں لمہی میں ہوئی۔ ان کا اصل نام دھنپت رائے تھا۔ کُنبے کے لوگ نواب رائے بھی کہتے تھے۔ ان کے والد عجائب لال ڈاک خانے میں منشی تھے۔ پریم چند کی ابتدائی تعلیم گاؤں کے مدرسے میں ہوئی۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد 1899 میں بنارس کے قریب چنار گڑھ کے ایک مشن اسکول میں اسسٹنٹ ماسٹر کی حیثیت سے ملازم ہو گئے۔ پریم چند کو مضامین لکھنے کا شوق بچپن سے تھا۔ ان کی پہلی تصنیف ایک ڈرامہ تھا جو انھوں نے تقریباً تیرہ سال کی عمر میں لکھا۔ اس کا عنوان تھا۔ ایک ماموں کا رومان۔



Download from www.MsEducationTv.com

**سوالات :**

(i) پریم چند کی پیدائش بنارس کے کس گاؤں میں ہوئی ؟

(ii) ان کا اصلی نام کیا تھا ؟

(iii) کُنبے کے لوگ کس نام سے پکارتے تھے ؟

(iv) پریم چند کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

(v) پریم چند کس سن میں ماسٹر کی حیثیت سے ملازم ہو گئے ؟

(vi) پریم چند کو مضامین لکھنے کا شوق کب سے پیدا ہوا ؟

(vii) ان کے پہلے ڈرامے کا نام کیا تھا ؟

**3.** مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 8

تعلیم حاصل کرنے کے لئے امبیڈکر کو کئی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر ان کے دل میں علم حاصل کرنے کا شوق اور محنت کا جذبہ تھا، اس لئے وہ آگے ہی بڑھتے گئے۔ آخر کار اعلیٰ تعلیم کے لئے انہیں انگلستان جانے کا موقع ملا۔ انگلستان سے واپسی کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لئے کوششیں شروع کر دیں۔ انہوں نے اپنے جیسے کمزور انسانوں پر ہونے والے ظلم اور ناانصافیوں کے خلاف آواز اٹھائی۔ گاؤں گاؤں اور شہر شہر جا کر لوگوں کو بیدار کیا۔ ان کے دل سے خوف دور کیا اور خود اعتمادی پیدا کی۔



Download from www.MsEducationTv.com

**.4** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** شعری حصّے کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 8

**(الف)**

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی کیا آسماں بنایا
مٹی سے بیل بوٹے، کیا خوش نما اگائے
پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا

**(ب)**

خون اپنا ہو یا پرایا ہو نسل آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو یا مغرب میں امن عالم کا خون ہے آخر

**.5** نیچے دئے گئے لفظوں کی مدد سے خالی جگہوں کو بھرئے : 10

(زندگی، آسمان، گولا، دنیا، معلوم)

(i) ہماری دنیا پہلے آگ کا ایک ---------- تھی۔

(ii) لیکن ایسے ہی لاکھوں، کروڑوں آگ کے گولے ---------- میں چکر کھاتے دکھائی دیتے ہیں۔

(iii) دنیا میں یہ آگ، پانی اور زمین کیوں بن گئی۔ یہ ہمیں نہیں ----------

(iv) تو پھر ایک وقت ایسا آیا جب ---------- سرد پڑ گئی۔

(v) اور کہیں سے سمندر کی تہہ میں ---------- کا بیج پہنچ گیا۔



Download from www.MsEducationTv.com

**6.** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے : 3

(i) اسم۔

(ii) ضمیر۔

(iii) فعل۔

**7.** مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے : 4

(i) نیچا دکھانا۔

(ii) بغلیں جھانکنا۔

(iii) منہ لٹکانا۔

(iv) دل بھرنا۔

**8.** مندرجہ ذیل میں سے کسی **چار** کے مذکر سے مونث اور مونث سے مذکر بنا کر لکھئے : 4

(i) بادشاہ۔

(ii) عورت۔

(iii) گھوڑا۔

(iv) بیٹی۔

(v) لڑکا۔

(vi) دادی۔

**9.** رباعی کسے کہتے ہیں ؟ 3



Download from www.MsEducationTv.com

**10.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 8

(i) وقت کی اہمیت۔

(ii) پانی کی آلودگی۔

(iii) پسندیدہ کھیل۔

**11.** اپنے دوست کی شادی کے موقع پر شادی کی مبارک باد کا خط لکھئے۔ 8

**12.** مندرجہ ذیل سوالوں کے صحیح جواب چُن کر اپنی کاپی پر لکھئے : 1 x 10 = 10

(i) نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا شاعر کون ہے ؟

(a) میر انیسؔ (b) نظیرؔ اکبر آبادی

(c) علامہ اقبالؔ (d) اسمٰعیل میرٹھی

(ii) پریم چند کب پیدا ہوئے ؟

(a) 1875 (b) 1880

(c) 1882 (d) 1885

(iii) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

(a) مقطع (b) حسنِ مطلع

(c) قافیہ (d) مطلع



Download from www.MsEducationTv.com

(iv) درج ذیل میں سے اسم چنیے :

(a) کتاب (b) وہ

(c) لکھنا (d) کالا

(v) 'خدائے سخن' کے لقب سے کسے یاد کیا جاتا ہے ؟

(a) مرزا غالبؔ (b) ذوقؔ

(c) میر تقی میرؔ (d) علامہ اقبالؔ

(vi) مضمون ''اردو کی کہانی'' کا مصنف کون ہے ؟

(a) محمد مجیب (b) نظیرؔ اکبرآبادی

(c) کنہیالال کپور (d) سید احتشام حسین

(vii) ''کاٹھ کا گھوڑا'' کس کا افسانہ ہے ؟

(a) رتن سنگھ (b) پریم چند

(c) حبیب تنویر (d) جوگندر پال

(viii) آپ کے نصابی کتاب کا کیا نام ہے ؟

(a) گلستانِ ادب (b) درخشاں

(c) جان پہچان (d) خیابانِ اردو



Download from www.MsEducationTv.com

(ix) شہر کا ضد کیا ہوگا ؟

(a) بستی (b) وارڈ

(c) نگر (d) دیہات

(x) لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے

اپنی خوشی نہ آئے، نہ اپنی خوشی چلے

یہ شعر کس کا ہے ؟

(a) مرزا غالبؔ (b) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ

(c) مومن خاں مومنؔ (d) خواجہ میر دردؔ



Download from www.MsEducationTv.com

**CLASS : 10th (Secondary)** **Code No. 110**

**Series : Sec/Annual-2023**

*Roll No.* ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐ ***SET : B***

# اردو

## URDU

*(Academic/Open)*

(Only for Fresh/Re-appear/Improvement/Additional Candidates)

*Time allowed : **3** hours ]* *[ Maximum Marks : **80***

---

- *कृपया जाँच कर लें कि इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ **8** तथा प्रश्न **12** हैं।*
- *प्रश्न-पत्र में दाहिने हाथ की ओर दिये गये **कोड नम्बर** तथा **सेट** को छात्र उत्तर-पुस्तिका के मुख्य-पृष्ठ पर लिखें।*
- *कृपया प्रश्न का उत्तर लिखना शुरू करने से पहले, प्रश्न का क्रमांक अवश्य लिखें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के बीच में खाली पन्ना/पन्ने न छोड़ें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के अतिरिक्त कोई अन्य शीट नहीं मिलेगी। अतः आवश्यकतानुसार ही लिखें और लिखा उत्तर न काटें।*
- *परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें। रोल नं० के अतिरिक्त प्रश्न-पत्र पर अन्य कुछ भी न लिखें और वैकल्पिक प्रश्नों के उत्तरों पर किसी प्रकार का निशान न लगाएँ।*



Download from www.MsEducationTv.com

- *कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न-पत्र पूर्ण व सही है,* ***परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई भी दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।***

---

**نوٹ :** سبھی سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

**1.** مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے : 7

(i) بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے ؟

(ii) اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا ؟

(iii) آلودہ پانی کو پینے کے لائق کیسے بنایا جا سکتا ہے ؟

(iv) ہندوستان کے قبائلی نسلوں کے نام لکھئے۔

(v) انگلستان سے واپس آنے کے بعد ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر نے کیا کیا ؟

(vi) لین شو نے 'خدا کے نام خط' میں کیا لکھا ؟

(vii) رضیہ سلطان نے کتنے برس حکومت کی ؟

**2.** مندرجہ ذیل عبارت (Unseen Passage) کو غور سے پڑھئے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے : 7

کسی زمانے میں ہمارے ملک میں گاؤں کا انتظام گاؤں والوں کے ہاتھ میں ہوتا تھا۔ گاؤں کی حفاظت، صفائی، کھیتی، تعلیم کا بندوبست گاؤں والے خود کر لیا کرتے تھے۔ جب انگریزوں کی حکومت آئی تو گاؤں کا انتظام سرکار نے اپنے ذمّے لے لیا۔ مہاتما گاندھی چاہتے تھے کہ گاؤں کے انتظام میں گاؤں والوں کا پورا ہاتھ ہو۔ اس لئے آزادی کے بعد ہماری سرکار نے گاؤں کی طرف دھیان دیا۔ ہماری ریاستوں میں پنچایت راج قانون بنایا گیا، جس سے گاؤں والوں کو یہ اختیار مل گیا کہ وہ اپنے گاؤں کا انتظام خود کریں۔



Download from www.MsEducationTv.com

**سوالات :**

(i) پرانے زمانے میں ہمارے ملک میں گاؤں کا انتظام کن لوگوں کے ہاتھ میں ہوتا تھا ؟

(ii) لوگوں کے ذمّہ کون کون سے کام کرنے ہوتے تھے ؟

(iii) جب انگریزوں کی حکومت قائم ہوئی تو گاؤں کا انتظام کن کے ہاتھ میں چلا گیا ؟

(iv) مہاتما گاندھی کیا چاہتے تھے ؟

(v) آزادی ملنے کے بعد ہماری سرکار نے کیا کیا ؟

(vi) آزادی کے بعد گاؤں کا انتظام کن لوگوں کے ہاتھ میں آ گیا ؟

(vii) کس قانون کے مطابق گاؤں والوں کو اختیار ملا کہ وہ خود گاؤں کا انتظام کریں ؟

**3.** مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 8

وہ ہندوستان کی پہلی ملکہ تھی جو دہلی کے تخت پر بیٹھی۔ وہ دہلی کے بادشاہ التمش کی بیٹی تھی۔ اپنے بہن بھائیوں میں سب سے زیادہ ذہین، محنتی اور ہوشیار تھی۔ باپ نے اپنی زندگی ہی میں اسے اپنا جانشیں مقرر کر دیا۔ وہ جانتا تھا کہ بیٹے عیش پسند ہیں۔ بیٹی کے علاوہ کوئی اور حکومت چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اس نے اپنے آخری دنوں میں چاندی کے سکّے پر اس کا نام بھی شامل کر لیا تھا۔



Download from www.MsEducationTv.com

**.4** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** شعری حصّے کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 8

**(الف)**

جو میں بڑی نہیں تیری طرح تو کیا پروا
نہیں ہے تو بھی تو آخر مری طرح چھوٹا
ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے
کوئی بڑا، کوئی چھوٹا، یہ اس کی حکمت ہے

**(ب)**

لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے — اپنی خوشی نہ آئے، نہ اپنی خوشی چلے
ہو عمرِ خضر بھی تو کہیں گے بہ وقتِ مرگ — ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے، ابھی چلے

**.5** نیچے دئے گئے لفظوں کی مدد سے خالی جگہوں کو بھرئے : 10

(کمپیوٹر، انٹرنٹ، ترقی، رابطہ، تصاویریں)

دنیا کی بڑی بڑی لائیبریریاں اپنی کتابیں ۔۔۔۔۔۔۔ پر فراہم کرتی ہیں۔ آپ کو جس کتاب کی ضرورت ہو ۔۔۔۔۔۔۔ پر دیکھ اور پڑھ سکتے ہیں۔ ہم دنیا کے کسی حصّے میں کسی بھی شخص سے ۔۔۔۔۔۔۔ کر سکتے ہیں۔ اس کے ذریعہ پیغامات اور ۔۔۔۔۔۔۔ بھیجی جا سکتی ہیں۔ انٹرنٹ کے بغیر ہماری ۔۔۔۔۔۔۔ ممکن نہیں۔



Download from www.MsEducationTv.com

**.6** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف لکھئے اور مثال بھی دیجئے : 3

(i) اسم۔

(ii) فعل۔

(iii) حال۔

**.7** مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے : 4

(i) دل بھرنا۔

(ii) قول دینا۔

(iii) پاؤں اکھڑنا۔

(iv) پھولا نہ سمانا۔

**.8** مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے مذکر سے مونث اور مونث سے مذکر بنا کر لکھئے : 4

(i) شاہزادہ۔

(ii) نوکرانی۔

(iii) اونٹ۔

(iv) والدہ۔

(v) گھوڑی۔

(vi) خادم۔

**.9** 'مکالمہ' کسے کہتے ہیں ؟ 3



Download from www.MsEducationTv.com

**10.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 8

(i) پانی کی آلودگی۔

(ii) انٹرنٹ کے فوائد۔

(iii) جاڑے کا موسم۔

**11.** امتحان کی تیاری سے متعلق اپنے والد کو ایک خط لکھئے۔ 8

**12.** مندرجہ ذیل سوالوں کے صحیح جواب چُن کر اپنی کاپی پر لکھئے : 1 x 10 = 10

(i) عوامی شاعر کسے کہتے ہیں ؟

(a) میر تقی میرؔ (b) اکبرؔ الہ آبادی

(c) نظیرؔ اکبر آبادی (d) چکبستؔ

(ii) مرزا غالبؔ کہاں پیدا ہوئے ؟

(a) لکھنؤ (b) دہلی

(c) آگرہ (d) رام پور

(iii) نظم ''قدم بڑھاؤ دوستو'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے ؟

(a) حالیؔ (b) چکبستؔ

(c) ساحرؔ (d) بشر نواز



Download from www.MsEducationTv.com

(iv) علامہ اقبالؔ کی وفات کب ہوئی ؟

(a) 1940 (b) 1936

(c) 1938 (d) 1937

(v) ساحرؔ لدھیانوی کہاں پیدا ہوئے ؟

(a) پٹنہ (b) کولکاتہ

(c) ممبئی (d) لدھیانہ

(vi) اردو کا تعلق کس خاندان سے ہے ؟

(a) سنسکرت (b) عربی

(c) ہند آریائی (d) فارسی

(vii) درج ذیل میں صفت کون ہے ؟

(a) کتاب (b) لکھنا

(c) ہرا (d) سے

(viii) درج ذیل میں فعل کون ہے ؟

(a) تمہارا (b) لال

(c) پڑھنا (d) کہاں



Download from www.MsEducationTv.com

(ix) درج ذیل میں 'مذکر' بتایئے۔

(a) کاپی (b) قلم

(c) بلّی (d) ناک

(x) 'ممکن' کا متضاد لفظ کیا ہے ؟

(a) غیر مناسب (b) ناممکن

(c) لازم (d) غیر ضروری



Download from www.MsEducationTv.com

**CLASS : 10th (Secondary)** **Code No. 110**

**Series : Sec/Annual-2023**

*Roll No.* ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐ ***SET : C***

# اردو

## URDU

*(Academic/Open)*

(Only for Fresh/Re-appear/Improvement/Additional Candidates)

*Time allowed : **3** hours ]* *[ Maximum Marks : **80***

---

- *कृपया जाँच कर लें कि इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ **8** तथा प्रश्न **12** हैं।*
- *प्रश्न-पत्र में दाहिने हाथ की ओर दिये गये **कोड नम्बर** तथा **सेट** को छात्र उत्तर-पुस्तिका के मुख्य-पृष्ठ पर लिखें।*
- *कृपया प्रश्न का उत्तर लिखना शुरू करने से पहले, प्रश्न का क्रमांक अवश्य लिखें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के बीच में खाली पन्ना/पन्ने न छोड़ें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के अतिरिक्त कोई अन्य शीट नहीं मिलेगी। अतः आवश्यकतानुसार ही लिखें और लिखा उत्तर न काटें।*
- *परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें। रोल नं० के अतिरिक्त प्रश्न-पत्र पर अन्य कुछ भी न लिखें और वैकल्पिक प्रश्नों के उत्तरों पर किसी प्रकार का निशान न लगाएँ।*



Download from www.MsEducationTv.com

• कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न-पत्र पूर्ण व सही है, **परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई भी दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।**

---

**نوٹ : سبھی سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔**

**1.** مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے : 7

(i) اکبر رگھوپت کی کس بات سے متاثر تھا ؟

(ii) پانی حاصل کرنے کے لئے قدرتی ذرائع کون کون ہیں ؟

(iii) اردو کا تعلق کس آریائی خاندان سے ہے ؟

(iv) ڈاکٹر بھیم راؤ کا اصل نام کیا تھا ؟

(v) آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی ؟

(vi) ای۔میل کیا ہے ؟

(vii) آنکھوں کی حفاظت کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے ؟

**2.** مندرجہ ذیل عبارت (Unseen Passage) کو غور سے پڑھئے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے : 7

مولانا حالؔی بہت ہی رقیق القلب تھے۔ دوسروں کی تکلیف کو دیکھ کر بے چین ہو جاتے تھے۔ حاجت مندوں کی حاجت روا کرنے میں بڑی فراخ دلی سے کام لیتے تھے۔ حاجت مندان کے یہاں سے محروم نہیں جاتے تھے۔ تعصّب ان میں نام کو نہ تھا۔ ہر قوم و ملّت کے آدمی سے یکساں خلوص اور محبت سے پیش آتے تھے۔ حالؔی ہندو مسلم اتحاد کے بڑے حامی تھے۔ جب کبھی ہندو مسلم نزع کا کوئی واقعہ سنتے تھے تو انہیں بہت رنج اور افسوس ہوتا تھا۔



Download from www.MsEducationTv.com

**سوالات :**

(i) مولانا حالؔی کس قسم کے انسان تھے ؟

(ii) دوسروں کی تکلیف کو دیکھ کر ان کو کیا ہو جاتا تھا ؟

(iii) حاجت مندوں کی حاجت روا کرنے میں کس چیز سے کام لیتے تھے ؟

(iv) کون لوگ ان کے یہاں سے کبھی محروم نہیں جاتے تھے ؟

(v) کیا چیز ان میں نام کو بھی نہ تھا ؟

(vi) ہر قوم و ملّت کے آدمی کے ساتھ کس طرح سے پیش آتے تھے ؟

(vii) حالؔی کس چیز کے بڑے حامی تھے ؟

**3.** مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجیے : 8

اپنی بیوی سے کہا۔ ''دروازے پر سپاہی کھڑا ہے، میں کہہ آیا ہوں کہ میں قید ہونے کو ابھی واپس آتا ہوں۔'' بیوی نے کہا۔ ''ایسا نہ کرو، دوسرے دروازے سے نکل جاؤ'' رگھوپت نے کہا ''یہ مجھ سے ہرگز نہیں ہوسکتا۔ میں قول دے چکا ہوں، اس کے خلاف نہیں کرسکتا۔''



Download from www.MsEducationTv.com

**.4** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** شعری حصّے کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 8

**(الف)**

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے
ناز کی اس کے لب کی کیا کہئے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

**(ب)**

دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی
جو آکے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا جو جاکے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

**.5** نیچے دیے گئے لفظوں کی مدد سے خالی جگہوں کو بھرئے : 10

(اردو، زبانیں، باہر، پیدا، ہندوستانی)

1000ء کے بعد سے جو نئی ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہندوستان میں بولی جانے لگیں، ان میں ایک ۔۔۔۔۔۔۔۔ زبان بھی ہے۔ یہ زبان کہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ سے نہیں آئی، یہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوئی اور یہیں کے لوگوں نے اسے ترقی دی۔ اس کی بناوٹ، اس کا رنگ روپ سب کچھ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔



Download from www.MsEducationTv.com

.6 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے : 3

(i) مستقبل۔

(ii) صفت۔

(iii) مونث۔

.7 مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے : 4

(i) میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔

(ii) رنج اٹھانا۔

(iii) گھٹ گھٹ مرنا۔

(iv) حق مارنا۔

.8 مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھئے : 4

(i) سوال۔

(ii) جوابات۔

(iii) جوتی۔

(iv) احسانات۔

(v) جنگل۔

.9 ردیف کسے کہتے ہیں ؟ 3



Download from www.MsEducationTv.com

**10.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 8

(i) موبائل کے فوائد اور نقصانات۔

(ii) یومِ جمہوریہ۔

(iii) برسات کا موسم۔

**11.** اپنے چچا صاحب کو خط لکھئے جس میں کسی تاریخی جگہ کی سیر کا ذکر ہو۔ 8

**12.** مندرجہ ذیل سوالوں کے صحیح جواب چُن کر اپنی کاپی پر لکھئے : 1 x 10 = 10

(i) بچوں کے مشہور شاعر کون ہیں ؟

(a) میر تقی میرؔ (b) مرزا غالبؔ

(c) اسمٰعیل میرٹھی (d) بشر نواز

(ii) 'ادب اور سماج' کے مصنف کون ہیں ؟

(a) محمد مجیب (b) سید احتشام حسین

(c) پریم چند (d) حبیب تنویر

(iii) ان میں سے کون سا شاعر آگرہ میں پیدا ہوا ؟

(a) ساحرؔ لدھیانوی (b) خواجہ میر دردؔ

(c) میر تقی میرؔ (d) نظیرؔ اکبر آبادی



Download from www.MsEducationTv.com

(iv) ڈرامہ 'کارتوس' کے مصنف کا نام بتائیں :

(a) حبیب تنویر (b) رتن سنگھ

(c) کنھیالال کپور (d) محمد مجیب

(v) اقبالؔ کی پیدائش کب ہوئی ؟

(a) 1880ء (b) 1879ء

(c) 1877ء (d) 1875ء

(vi) مرزا غالبؔ کی وفات کب ہوئی ؟

(a) 1854 (b) 1869

(c) 1857 (d) 1872

(vii) ''اردوئے معلّٰی'' کیا ہے ؟

(a) انشائیہ کا مجموعہ (b) شاعری کا مجموعہ

(c) خطوط کا مجموعہ (d) افسانوں کا مجموعہ

(viii) ''نیکی اور بدی'' کس کی نظم ہے ؟

(a) کیفیؔ اعظمی (b) ساحرؔ لدھیانوی

(c) نظیرؔ اکبرآبادی (d) علّامہ اقبالؔ



Download from www.MsEducationTv.com

(ix) رضیہ سلطان نے کتنے برس حکومت کی ؟

(a) چھ برس (b) پانچ برس

(c) ساڑھے تین برس (d) چار برس

(x) 'رباعی' میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں ؟

(a) پانچ (b) چھ

(c) چار (d) تین



Download from www.MsEducationTv.com

**CLASS : 10th (Secondary)** **Code No. 110**

**Series : Sec/Annual-2023**

*Roll No.* [ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ] ***SET : D***

# اردو

## URDU

*(Academic/Open)*

(Only for Fresh/Re-appear/Improvement/Additional Candidates)

*Time allowed : **3** hours ]* *[ Maximum Marks : **80***

- *कृपया जाँच कर लें कि इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ **8** तथा प्रश्न **12** हैं।*
- *प्रश्न-पत्र में दाहिने हाथ की ओर दिये गये **कोड नम्बर** तथा **सेट** को छात्र उत्तर-पुस्तिका के मुख्य-पृष्ठ पर लिखें।*
- *कृपया प्रश्न का उत्तर लिखना शुरू करने से पहले, प्रश्न का क्रमांक अवश्य लिखें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के बीच में खाली पन्ना/पन्ने न छोड़ें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के अतिरिक्त कोई अन्य शीट नहीं मिलेगी। अतः आवश्यकतानुसार ही लिखें और लिखा उत्तर न काटें।*
- *परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें। रोल नं० के अतिरिक्त प्रश्न-पत्र पर अन्य कुछ भी न लिखें और वैकल्पिक प्रश्नों के उत्तरों पर किसी प्रकार का निशान न लगाएँ।*



Download from www.MsEducationTv.com

• *कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न-पत्र पूर्ण व सही है,* ***परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई भी दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।***

---

**نوٹ : سبھی سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔**

**1.** مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے : 7

(i) ''ہوا میں آلودگی'' کن کن چیزوں کے ذریعہ ہوتی ہے ؟

(ii) کون سا ملک زبانوں کا گھر کہلاتا ہے ؟

(iii) لین شو نے بی بی سے کیا قیاس آرائی کی ؟

(iv) ہندوستان کے دستور کا معمار کسے کہا جاتا ہے ؟

(v) بینک کے نظام میں انٹرنٹ کس طرح مفید ہے ؟

(vi) 'وٹامن اے' کی کمی سے کون کون سی بیماریاں ہوتی ہیں ؟

(vii) رضیہ سلطان کس بادشاہ کی بیٹی تھی ؟

**2.** مندرجہ ذیل عبارت (Unseen Passage) کو غور سے پڑھئے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے : 7

پہلے دنیا کے زیادہ تر لوگ وحشیوں کی طرح زندگی بسر کرتے تھے اور کھانے پینے کی کھوج میں چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں مارے مارے پھرتے تھے، جانوروں کا شکار کرتے تھے یا درختوں کے پھل، پتے اور جڑ کھا کر پیٹ بھرتے تھے۔ ان میں سے کچھ لوگ یہاں بھی پہنچے۔ ان کی نسل کے لوگ اب بھی بنگال، بہار، چھوٹا ناگپور اور وندھیا چل پردیس کے پہاڑوں کے قریب پائے جاتے ہیں۔ وہ جو زبان بولتے تھے وہ آج بھی الگ ہے۔ ان میں کول اور منڈا قبیلے مشہور ہیں اور پرانی بولیاں بولتے



Download from www.MsEducationTv.com

ہیں۔ ان کے ہزار دیڑھ ہزار برس کے بعد دراوڑ لوگ پچھّم کی طرف سے آئے۔ آج بھی مدراس، میسور، آندھرا پردیس اور کیرل میں یہی لوگ آباد ہیں۔ تامل، تلگو انہیں لوگوں کی زبانیں ہیں۔

**سوالات :**

(i) قدیم زمانے کے لوگ کس طرح زندگی بسر کرتے تھے ؟

(ii) وہ اپنے کھانے پینے کی چیز کس طرح حاصل کرتے تھے ؟

(iii) وہ کیا کھا کر اپنا پیٹ بھرتے تھے ؟

(iv) اس طرح کے لوگ ہندوستان کے کن کن علاقوں میں پائے جاتے ہیں ؟

(v) باہر سے آنے والے مشہور قبیلوں کے نام بتائیے۔

(vi) دراوڑ قبیلے کے لوگ کب آئے ؟

(vii) دراوڑ قبیلے کو لوگ ہندوستان کے کن کن علاقوں میں آباد ہیں اور کن کن زبانوں کو بولتے ہیں ؟

**3.** مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 8

دنیا کی بڑی لائبریریاں اپنی کتابیں انٹرنیٹ پر فراہم کرتی ہیں۔ آپ کو جس کتاب کی ضرورت ہو وہ اپنے کمپیوٹر پر دیکھ اور پڑھ سکتے ہیں۔ آج انگلینڈ، امریکہ اور تمام بڑے ملکوں کی لائبریریاں ہمیں انٹرنیٹ پر دستیاب ہیں۔ اس کا سب سے زیادہ فائدہ پڑھنے والے بچوں کو ہو رہا ہے۔ ہم اپنے مضامین سے متعلق سارا مواد گھر بیٹھے حاصل کر سکتے ہیں۔ اسی طرح اخبارات بھی انٹرنیٹ پر پڑھ سکتے ہیں۔



Download from www.MsEducationTv.com

**.4** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** شعری حصّے کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 8

**(الف)**

جواور کسی کا مان رکھے تو پھر اس کو بھی مان ملے جو پان کھلاوے پان ملے جو روٹی دے تو نان ملے
نقصان کرے نقصان ملے، احسان کرے احسان ملے جو جیسا جس کے ساتھ کرے، پھر ویسا اس کو آن ملے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کر واس ہاتھ ملے، یاں سودا دست بدستی ہے

**(ب)**

رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسر ان نعمتوں کا تجھ کو ہے قدرداں بنایا
ہر چیز سے ہے تیری کاریگری ٹپکتی یہ کارخانہ تونے کب رایئگاں بنایا

**.5** نیچے دئے گئے لفظوں کی مدد سے خالی جگہوں کو بھرئے : 10

(دروازے، وعدے، اکبر، سپاہی، رگھوپت)

(i) ۔۔۔۔۔۔۔ بادشاہ مغلوں کا بہت مشہور بادشاہ گزرا ہے۔

(ii) راجپوتوں کے ایک سردار کا نام ۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

(iii) بیوی نے کہا، ''ایسا نہ کرو، دوسرے ۔۔۔۔۔۔۔ سے نکل جاؤ''۔

(iv) دوسرے دن ۔۔۔۔۔۔۔ رگھوپت اور پہرے دار کو میدان میں لائے۔

(v) جو آدمی اپنے ۔۔۔۔۔۔۔ کے پکّے ہوتے ہیں خدا ہمیشہ ان کی مدد کرتا ہے۔



Download from www.MsEducationTv.com

**6.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے : 3

(i) اسم۔

(ii) فعل۔

(iii) ضمیر۔

**7.** مندرجہ ذیل محاوروں میں سے کسی چار کو جملوں میں استعمال کیجئے : 4

(i) آنکھ لگنا۔

(ii) جان میں جان آجانا۔

(iii) اپنے منھ میاں مٹھو بننا۔

(iv) سینہ پھلانا۔

(v) میدان چھوڑنا۔

(vi) موت کے گھاٹ اتارنا۔

**8.** مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنا کر لکھئے : 4

(i) مشکل۔

(ii) امراء۔

(iii) کتاب۔

(iv) افواج۔



Download from www.MsEducationTv.com

(v) اختیار۔

(vi) بیگمات۔

**9.** رباعی کسے کہتے ہیں ؟ 3

**10.** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھئے : 8

(i) وقت کی اہمیت۔

(ii) پانی کی آلودگی۔

(iii) برسات کا موسم۔

**11.** آپ کے بڑے بھائی کی شادی ہے اس موقع پر اپنے ہیڈ ماسٹر کے پاس پانچ دنوں کی چھٹی کے لئے ایک درخواست لکھئے۔ 8

**12.** مندرجہ ذیل سوالوں کے صحیح جواب چُن کر اپنی کاپی پر لکھئے : 1 x 10 = 10

(i) اسمٰعیل میرٹھی کی پیدائش کب ہوئی ؟

(a) 1840 (b) 1842

(c) 1844 (d) 1845

(ii) کنھیا لال کپور کہاں پیدا ہوئے ؟

(a) کراچی (b) سیالکوٹ

(c) لاہور (d) آگرہ



Download from www.MsEducationTv.com

(iii) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

(a) مقطع (b) مطلع

(c) ردیف (d) قافیہ

(iv) نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں

درج بالا شعر اقبالؔ کی کس نظم سے ماخوذ ہے ؟

(a) قومی ترانہ (b) پہاڑ اور گلہری

(c) جگنو (d) پرندے کی فریاد

(v) بہادر شاہ ظفر نے 'ملک الشعرا' اور 'خاقانی ہند' کے خطابات کسے دیئے ؟

(a) مومن خاں مومنؔ (b) مرزا غالبؔ

(c) میر تقی میرؔ (d) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ

(vi) ساحرؔ لدھیانوی کا اصل نام کیا ہے ؟

(a) شوکت علی خاں (b) عبدالقادر

(c) عبدالحئی (d) نذیر محمد

(vii) ان میں مونث کون ہے ؟

(a) ہاتھی (b) روشنی

(c) پانی (d) موتی

(viii) ان میں پریم چند کا ناول کون ہے ؟

(a) بازارِ حسن (b) خوابِ رو

(c) شکست (d) امراؤ جان ادا



Download from www.MsEducationTv.com

(ix) 'بنجارانامہ' کس کی نظم ہے ؟

(a) علّامہ اقبالؔ (b) نظیرؔ اکبرآبادی

(c) فیض احمد فیضؔ (d) علی سردار جعفری

(x) تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی، کیا آسماں بنایا

مندرجہ بالا شعر کس کا ہے ؟

(a) میر انیسؔ (b) علّامہ اقبالؔ

(c) مومن خاں مومنؔ (d) اسمٰعیل میرٹھی



Download from www.MsEducationTv.com